الله
روزانہ اخبار

اطلاع

[illegible]

قیمت اخبار

شرح		
فی پرچہ	۱	۱
ماہواری	[illegible]	[illegible]
سہ ماہی	[illegible]	[illegible]
ششماہی	[illegible]	[illegible]
سالانہ	[illegible]	[illegible]

[illegible]

۴۰۰ | ۱۴ رمضان ۱۲۹۶ ہجری | روز سہ شنبہ | ۲ ستمبر ۱۸۷۹ عیسوی | جلد ۱

تازہ خبرین

اخبار سول ملٹری گزٹ مطبوعہ یکم ستمبر مین از رہ ... کراچی سے لکھا ہے کہ ماہ جولائی کی اخیر دو ہفتون مین جتنے آدمی اضلاع پنجاب مین ہیضہ کرکے مرگئے اونکی تعداد ایک ہزار پانسو ۶۴ ہے اور پنجاب مین ابتدا سے اخیر جولائی تک مرض مذکور مین جسقدر آدمی ہلاک ہوئے اونکی تعداد ۲ ہزار ۶ سو گیارہ ہے ۔ اور خاص شملہ مین ۶۴ آدمی ہیضہ کرکے مرے منجملہ کے آخر ہفتہ جولائی مین ۱۴ آدمی مرے سب سے بڑا شہر پنجاب مین امرتسر ہے پس اس شہر مین سب مقامون سے زیادہ آدمی مرے ہین گو اب جیسے بہاری ہینہ پر سلے یہ مرض بھی پھیل گیا ہے ۔

کراچی کے بندرگاہ بہت بڑے بنائے جاوے گی کیونکہ ڈاک کی آمد و رفت اور ولایت کی جانے آنے والون کا یہی راستہ قرار پایا ہے ۔ چنانچہ سرکار نے بندرگاہ کا محصول بھی مقرر کردیا ہے اور حضور گورنر جنرل نے اپنی رپورٹ مین تحریر فرمایا ہے کہ افغانستان کے صلح ہوجانے کی وجہ سے مقام کراچی آمد و شد اسباب تجارت ہندوافغان کا بہت بڑا مقام ہوجاوے گا ۔

اخبار سول ملٹری گزٹ مین لکھا ہے کہ مہم افغانستان مین چونسٹھ ہزار اونٹ مرجانے سے پنجاب مین باربرداری بہم نہین پہونچتی ۔ اور ایسی کئی برس تک ۔

ہندوستانی فوج کی بابت بارہا مختلف بیانات ہوئے ہین مگر صحیح تعداد یہ ہے کہ تین ہزار آٹھ سو اسی افسر اور باسٹھ ہزار فوج گورہ اور ایک لاکھ دس ہزار ہندی فوج اور چار سو پچاس جنگی توپین ہین ۔ (اودہ اخبار)

جدید نہر کے اجرا کی تجویز

اخبار مدراس میل تحریر کرتا ہے کہ کلکتہ سے مدراس تک ایک نہر جاری ہونے والی ہے مسٹر لونگ سی ای جنٹ سکرٹری گورنمنٹ بنگال محکمہ تعمیرات سرکاری نے گورنمنٹ مدراس کو اطلاع دی ہے کہ نقشہ اور تخمینہ نہر جس سے کٹک اور اڈیسہ کا سلسلہ ملیگا گورنمنٹ انڈیا کے ملاحظہ کے لئے ارسال ہوئے ہیں لہذا مہاندی کے میدان کی پیمایش ہو رہی ہے امید ہے کہ بہت سال نہ گذرنے پاینگے کہ چلکا جھیل کا تعلق بذریعہ نہر کلکتہ سے ہوجائیگا یہ بھی سنا ہے کہ مشرقی کنارے سے مابین کوکوناڈا اور مدراس کے نہر جاری ہوگی اس صورت میں اگر کوکوناڈا اور گنجام کا سلسلہ ملجائیگا تو بذریعہ نہر کے کلکتہ تک مدراس سے تری میں حضور لفٹنٹ گورنر بنگال بصد خوشی فرماتے ہیں کہ اگر ایسی نہر جاری ہوئی تو ایام قحط میں بہت فائدہ ہوگا غلہ آسانی سے جاسکیگا اور راستے میں تاریکی میں دقت نہ ہوگی۔ گورنمنٹ مدراس بجواب لکھا ہے کہ چونکہ نہروں کے جاری کرنے میں روپیہ بہت صرف ہوگا لہذا ایک مدت تک انکے جاری ہونے کی گفتگو نہیں ہوسکتی ہم امید کرتے ہیں کہ شاید یہ اپنی راے ترمیم کرین کیونکہ اس تیاری سے کوئی نقصان نہیں جا سکتا جو صرف ہوگا چند مدت میں وصول ہوجائیگا۔ (اودہ اخبار)

کالیفورنیا

امریکہ کا ایک اخبار لکھتا ہے کہ کالیفورنیا میں جھینگوں کے چھلکوں سے بہت فائدہ ہوا جو چین کو بیچے گئے تھے جس طرح کہ خود جھینگے کی فروخت سے ہوتا ہے ان چھلکوں کو کہار میں ملا کر کھیت میں ڈالتے ہیں چینی کہتے ہیں کہ جاڑے کے درختوں میں جو کیڑا لگتا ہے وہ اسکی وجہ سے بالکل مرجاتا ہے اور ہرتا ہی چھینوں ملاج سے بڑھکر بہار کھیتوں کے لئے کوئی علاج ممکن نہیں ہے۔ (ایضاً)

روسیوں کا ظلم و تشدد

مشہور ہے کہ اہل ہند اور اہل افغانستان واقف کئے جائیں کہ روسی اپنی رعایا سے حکم عدولی ہونے پر کیا سلوک کرتے ہیں ہزارہا خاندان سرکیشیا اپنے موروثی وطن کوہ قاف سے نکالے گئے اور ایسے اضلاع میں بسائے گئے جو دریاے والگا پر ہیں جہاں دنیا بھی آبادی نہیں بالکل ویران پڑا ہے بوجہ سخت سردی اون کو بہت ٹکڑے کرنا پڑین اور رکاوٹ راہی کی سختی کے باعث سے بہت لوگ راستے ہی میں مر کر ڈھیر ہوگئے گو کسی قدر مبالغہ سے کہا گیا ہے کہ جس رستہ پر یہ بیچارے جلاوطن گئے تھے اُس راستہ کی یہ علامت تھی کہ جابجا بچوں کی ہڈیاں پڑی تھیں کہیں کچھ اور پڑے تھے کسی جگہ یہ سلسلہ تھا کہ انکو صحرائی گئے اور چیل کوے نوچ نوچ کھا رہے تھے یکایک موسم اور بیشتر میں جو ترمیم ان لوگوں میں ہوئی اور تھکاوٹ راہ اور رنج والم جدائی وطن اور کافی خوراک نہ ملنے کے سبب سے انمین بہت سے نوجوان بھی مر گئے قریب قریب سب کی تندرستی میں فرق شدید پہنچا اگر یہ استفسار کیا جاوے کہ کیا ایسا جرم قرار دیا گیا تھا جس سے یہ بہادر گروہ نیم وحشی میں اپنے گھر ہی وطن سے نکال دیے جائیں تو اُسکا جواب یہی ہے کہ انمیں سے کچھ لوگوں نے اپنے ہموطنوں کی ہمدردی ظاہر کی جو لازمی سلطنت میں تھے اور روسیوں سے جنگ کر رہے تھے اور چند لوگوں نے اپنے ہم مذہبوں پر ہتھیار اٹھانے سے انکار بھی کیا پس وہ امر جو جرم سلطنت میں قرار دیا گیا انہیں مسلمانوں کو قاف میں جرم سنگین قرار دیا ہے مگر یہ جور و ظلم کامل طور سے اجراءِ ظلم و تشدد کے معلوم ہوتا ہے جو فرقہ نہلسٹ کے جلاوطن کرنے میں ہوا جزیرہ سنگھالین کو بھیجے گئے جو وہاں دریا کے امور پر ہے روس کے جیلخانہ جات پولیٹکل مجرموں سے بھرے ہوئے ہیں جو صرف شک پر بھیجدیے گئے اور سزا ہوئی یعنی سرکاری طور سے تحقیقات نہیں ہوئی لازم آیا کہ سیبیریا اور سنگھالین کی طرف جلاوطن

کرکے جیلخانہ جات خالی کئے ہیں فرقہ نہلسٹ کی کارروائی حیرت آمیز دیکھکر عجب نہیں ہے کہ سرکار روس ازدہ سختی کارروائی پر ہوئی ہو کرنیکے نتائج یہی ہیں کہ جسقدر سخت سزا ہو اسیقدر مفسدانہ تحقیقات [illegible] نجات اسکے جرم نہایت خفیف شہادت پر قرار دیا جاتا ہے اور جسطرح فرانس کی گورنمنٹ پر تہا جبکہ ۹۳ء مین کا انقلاب ہوا تہا صرف اطلاع دیہی کافی تہی کہ فوراً سزا ہو ۔ یہ امر ظاہر ہے کہ بموجب ظاہری احتیاط کے آباد کرنا سیبیریا اور سکھالین کا فائدہ روس ہے اور جو لوگ آباد کئے جاتے ہین اُنپر بہت سختی ہی نہو لیکن بجائے اسکے کوئی انتظام ان کم نصیبون کے آرام کا کیا جائے معلوم ہوتا ہے کہ وہ تدبیر کیجاتی ہے کہ سب لوگ رفتہ رفتہ مرجائیں یہ لوگ مقام اودیسہ کو پابہ زنجیر کرکے روانہ ہوتے ہیں کہ بارگران سے چل نہ سکتے تہے وہان سے آہنی پنجرون مین بند کرکے جہاز پر روانہ ہوئے جسمین اس مین رہ سکتے ہین بحر قلزم پر بھی انکی بیڑیان نہین نکالی گئین انجام یہ ہوا کہ بہت لوگ مرگئے اور بیان ہے کہ منجملہ اول گروہ سات سو پچاس قیدیون کے جو اول گیا تہا سکھالین کو نصف ہی زندہ نہیں پہونچے اور جو لوگ کمزور اور بیمار تہے ان مین سے نصف ہی وہ سنبھل سکینگے اور اور جہاز تین یوم بندرگاہ سعید مین بایکونکہ محصول نہر کو ادا کرنا تہا اسکے نگران آہنی قفس مین ہوا کا گذر نہ تہا اسلئے ہر روز بہت سے مرتے تہے ایسے جور و ظلم سے فرقہ نہلسٹ کے لوگون نے ذاتی مخالفانہ کارروائی زیادہ شروع کی ہے مفصل سنا ہے کہ مقام بترگر ترکیب جہان یہ جور و ظلم ہوئے آگ لگادی اور دوسری آتش زدگی مقام اورسک کو بالکل خاک سیاہ کر دیا دو بازار بچنی تو ہوگئے بالکل جلگئے معلوم ہوتا ہے کہ خفیہ طور سے لوگون نے قتل کرنے بہی تامل کیا مگر شمالی روس مین یہ جدید خرابی پڑتی جاتی ہے جو مار ڈالنے سے ہی بدتر اسکے بعد شرمندگی سے لکھتے ہین کہ اخبار گلوس نے جدید فوجی قانون بخشش انتظام کو بہت پسند کیا اور بیان کیا ہے کہ نہ اسے [illegible] قائم ہے یہ

اسلئے لکھا ہے کہ انگلستان مین اسقدر تہذیب نہین ہے جیسا کہ وہ مشہور ہے اسمین شک نہیں جو ہم نہین چاہتے کہ روسیون کے ہم پلہ ایسی تہذیب مین ہون چونکہ اخبار گلوس نے پسند کیا ہے کیا عجب ہے کرونہ سے بالکل نئے پیدا ہوتی رہے ۔ ([illegible] گزٹ)

آسام

ہم یقین کرتے ہین کہ اب اس امر مین بہت کم شبہ ہے کہ آسام بندوبست عنقریب پھر بنگالہ کے انتظام کے ساتھ شامل کر دیا جائیگا آسام کا بندوبست قریب پانچ برس سے گورنمنٹ ہند کے تحت مین علحدہ رہا ہے اور اس تجربہ مین وہ کامیابی حاصل نہین ہوئی ہے جس کی اُمید ابتدا مین کی گئی تہی چنانچہ اس یقین کی تصدیق اسبات سے ہوتی ہے کہ مسٹر اسٹوارٹ بیلی کے ایام غیر حاضری مین کوئی قائمقام چیف کمشنر مقرر نہین کیا گیا ۔ (علیگڈہ انسٹیٹیوٹ گزٹ)

میجر ہنری ٹریٹر اراکین متعلقہ سررشتہ پیمائش ہندوستان ارض روم مین عمدہ کام کر رہے ہین یعنی پچھلے چند مہینون سے صاحب موصوف ارمینیا مین سفر کر رہے ہین اور جو ارمنی وادی ارس اور فرات مین رہتے ہین انکی حالت کی نسبت رپورٹین لکھ رہے ہین لفٹنٹ جنرل [illegible] قرینا عنقریب گورنمنٹ ترکی کی پیشگاہ سے مغربی آسیا مین ایک عہدہ پر مقرر کئے جاوینگے ۔ (ایضاً)

نیویارک کی ایک خبر تاربرقی سے جو آخر ماہ اگست کے پال مال گزٹ مین چھپی ہے معلوم ہوتا ہے کہ گورنمنٹ امریکا کو سررشتہ کے طور پر اس امر کی اطلاع دی گئی ہے کہ گورنمنٹ جرمنی چاندی کے سکہ کی اپنی پالسی کو تبدیل کرنا اور امریکہ کے ساتھ ایک ایسے سکہ کے جاری کرنے کی نسبت جو دونون سے مرکب ہو گفتگو کرنا چاہتی ہے ۔ (ایضاً)

عرب متعلقہ ٹرکی سے یہ خبر آئی ہے کہ مزاریزرا کے قریب دریا فرات کا باندہ ٹوٹ گیا ہے اور اُس کی مرمت کرنے کا ارادہ نہیں ہے اور پرانے باندہ کے ملبہ اور اُس کے باعث سے غالبًا جہازون کی آمد و رفت مین مزاحمت زیادہ ہو جاویگی لیکن جہازون کی آمد و رفت کے لئے ایک نئے راستہ کے صاف کرنے کے واسطے حکم دیا گیا ہے ۔ (علیگڈہ انسٹیٹیوٹ گزٹ)

تار برقی

۳۰ - اگست - مدراس

ایک اور ہندوستانی پلٹن کو حکم ہوا ہے کہ رسپاگو جاوے ۔ پلٹن سعز مینا کی ایک حصہ اور باغیون سے سخت مقابلہ ہوا گو باغی جارنا چاہتے تھے ہٹتا چلا - باغیون نے آگے کا رزیں چھوڑے

انگریزی کسی کا نقصان نہین ہوا ۔

۳۱ - ایضاً - قندہار

کل کے روز مقام کوکنار انگریزی فوج سے خالی کر دیا گیا پلٹن بلوچ کا صدر اور کوہستانی توپخانہ اور دوسرا پنجابی رسالہ پشین کی طرف کوچ کر گیا اور چند روز مین کرنل ہس صاحب اسسٹنٹ ایجنٹ جنرل میجر سینٹ جان اور کپتان کیمبل شاہی انجینیر اور ڈاکٹر بریرٹن ہرات کی طرف جاوینگے ۔

اشتہار

جن صاحبون کو لکھنؤ سے کوئی چیز اعلیٰ و ادنیٰ مثل تیار چکن ٹوپیان وغیرہ باہر سے منگوانا منظور ہون شہر لکھنؤ پارچہ والی گلی کی پتہ سے خط کتابت فرماوین انشاء اللہ نہایت عمدہ اور کفایت سے تعمیل حکم کیجاویگی نرخ اور دام وغیرہ گاہک کے ...

العبد

عبدالرحمن چکن فروش لکھنؤ پارچہ والی گلی

اشتہارات نیلام جائداد مجریہ عدالت منصفی میرٹھ جو ۲۲ ستمبر کو معرفت صاحب کلکٹر بہادر ضلع میرٹھ کے نیلام ہوگی ۔

نمبر مقدمہ	نام ڈگریدار	نام جسکی جائداد نیلام ہوگی	تعداد ڈگری	نام شئی نیلامی مع جمع سرکاری و تفصیل حصہ حقیت مدیون
۹۸۲	گنڈاری مل	رام سہائے ولد پوری ساکن موضع کریم پور پرگنہ ہستناپور مدعاعلیہ	[illegible]	کل حق ساقط الملکیت بنوائے ذیل حصہ رام سہائے نمبر ۱۹۹ نمبر ۲۳ ... الیسوہ
۹۱۷	جسی دہر مدعی	اودے سنگھ پسر ... سوہنی جتی قوم راجپوت ساکن لطف اللہ پور پرگنہ کٹھور مدعاعلیہ	[illegible]	... بسوانسی ... ابسوانسی ... مع حق کاشت و متعلقات ... واقع موضع لطف اللہ پور پرگنہ کٹھور ... مستغرق ...
۸۸۱	رام کشن مدعی	بلدرام ولد جہارام و جہارام ولد تلکا قوم گوجر ساکن موضع میرپور پرگنہ میرٹھ مدعاعلیہ	[illegible]	موازی ... بسوانسی منجملہ بسوہ از کہاتہ ... بیگہ جمعی ... واقع موضع ... پرگنہ میرٹھ ... بسوانسی بقدر حصہ جہارام مدعاعلیہ منجملہ بسوہ از کہاتہ ... واقع موضع مذکور ۔

مقام میرٹھ مطبع ضیائی مین طالب نجات محمد حیات نے چھاپا و مشتہر کیا